# ماڈل پیپر

## اردو (لازمی)

## برائے جماعت دہم (Fresh Course)

## سالانہ 2014

کل وقت 3 گھنٹے — کل نمبر 75

نوٹ: اس پرچے کے کل تین حصے ہیں۔ سیکشن (الف)، (ب) اور (ج) دیئے گئے ہدایات کو غور سے پڑھیں اور اس کے مطابق ہر ایک سیکشن حل کریں۔
حصہ سیکشن (الف) کے جوابات اسی پرچے پر دیئے جائیں اور مقررہ وقت ختم ہونے پر سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں۔
کاٹنے، مٹانے یا دوبارہ لکھنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ "شناختی علامات" غیر قانونی ذرائع کا استعمال تصور ہوگا۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا ممنوع ہے۔

### حصہ اول

وقت 20 منٹ — نمبر 15

سوال نمبر ا۔ ہر جز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| i- | نثر میں "ایک کہانی بڑی پرانی" کونسی صنف ہے۔ | الف۔ کہانی | ب۔ ڈرامہ | ج۔ ناول | د۔ افسانہ |
| ii- | قول فیصل سے کیا مراد ہے۔ | الف۔ فیصل کے بات | ب۔ فیصل کی عہد | ج۔ دلیل سے ثابت شدہ بات | د۔ ظالم کا حکم |
| iii- | " دلی کی چند عجیب ہستیاں" کس کی تصنیف ہے۔ | الف۔ ہاجرہ مسرور | ب۔ قدرت اللہ شہاب | ج۔ اشرف صبوحی | د۔ حکیم سعید |
| iv- | آمنہ کا پرنانی سے کیا رشتہ تھا۔------- | الف۔ آمنہ کی پرنانی تھی | ب۔ آمنہ کی نانی تھیں | ج۔ آمنہ کی دادی تھیں | د۔ آمنہ کی نانی کی بہن تھیں |
| v- | سورہ الحجرت سے واضح ہے کہ ذاتیں اور خاندان محض-------- کے لیے ہیں۔ | الف۔ شناخت | ب۔ برتری | ج۔ پرورش | د۔ حیثیت |
| vi- | دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر------ پر | الف۔ افلاک | ب۔ زمین | ج۔ ستاروں | د۔ بیابانوں |
| vii- | نصاب میں شامل علاؤالدین علائی کے نام خط کس نے لکھا ہے------ | الف۔ مرزا غالب | ب۔ رشید احمد صدیقی | ج۔ مولوی عبدالحق | د۔ حسرت موہانی |
| viii- | پاکستان کی قومی زبان -------- ہے۔ | الف۔ انگریزی | ب۔ اردو | ج۔ پنجابی | د۔ پشتو |
| ix- | سرسید نے قلم سے جہاد کیا۔ یہاں قلم سے مراد ---------ہے | الف۔ تلوار | ب۔ تحریر | ج۔ جرات | د۔ بندوق |
| x- | میرے دوست احمد مرزا ہیں،،جنہیں میں ----- دوست کہتا ہوں۔ | الف۔ اچھا | ب۔ وفادار | ج۔ پاگل | د۔ بھڑبھڑیا |
| xi- | "ایک کہانی بڑی پرانی" میں نوکر کا کیا نام ہے | الف۔ بخشومیاں | ب۔ اچھومیاں | ج۔ کلومیاں | د۔ بابا خوش رنگ |
| xii- | حجرے کا مہمان سارے ----- کا مہمان ہوتا ہے | الف۔ لوگوں | ب۔ گاؤں | ج۔ شہر | د۔ رہنے والوں |
| xiii- | " کا-کی-کے"-------- ہیں۔ | الف۔ حروف جار | ب۔ حروف عطف | ج۔ حروف اضافت | د۔ حروف بیان |
| xiv- | رام رام جپنا، پرایا--------اپنا۔ | الف۔ مال | ب۔ گھر | ج۔ زمین | د۔ ملک |
| xv- | جوش ملیح آبادی کی نظم کا کیانام ہے------ | الف۔ نمودِ صبح | ب۔ کسان | ج۔ اے دیس کی ہواؤں | د۔ کراچی کی بس |

Result.PK

ماڈل پیپر

اردو (لازمی) برائے جماعت دہم

نوٹ: حصہ ب اور ج کے لیے وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

## سیکشن ب

کل نمبر 36

سوال نمبر (II):۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے نو (9) کے جوابات تحریر کریں۔

i۔ مولوی عبدالحق نے ریاست حیدرآباد دکن میں کیا اہم خدمات انجام دیں؟

ii۔ اقبال زبان پرستی اور وطن پرستی کے کیوں مخالف تھے؟

iii۔ افسانہ نگار اپنے دوستوں سے کیوں تنگ آ گیا تھا؟

iv۔ مجاز مُرسل کی تین مثالیں تحریر کریں؟

v۔ صنم خان نے شیر عالم کو کیا طعنہ دیا؟

vi۔ نام دیو کس کام پر مامور تھا؟

vii۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث چن کر الگ کریں۔ مقبرہ، شناخت، مدد، سایہ

viii۔ جوتوں کی حفاظت کرنے والے شخص نے مصنف کی کیا مدد کی؟

ix۔ جملے بنائیے۔ قلم بند، دنیا و مافیہا، قدغن، تاثیر

x۔ "چرخ کج رفتار" سے کیا مراد ہے؟

xi۔ نظم "آزادی" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں؟

xii۔ واحد جمع لکھیں۔ غریب، جاہل، تصانیف، خیال

## سیکشن ج

کل نمبر: 24

سوال نمبر III:۔ مصنف، سبق اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ (05)

(الف) چاہے مجھ پر نفرین کی جائے مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ آج تک میرے سامنے کوئی یہ ثابت نہ کر سکا کہ احباب کا ایک جم غفیر رکھنے اور شناسائی کے دائرے کو وسیع کرنے سے کیا فائدہ ہے؟ میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ اگر دنیا میں کچھ کام کرنا ہے اور باتوں ہی میں عمر گزارنی ہے تو بعض نہایت عزیز دوستوں کو چھوڑنا پڑے گا۔ چاہے اس سے میرے دل پر کیسا ہی صدمہ ہو۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

سوال نمبر IV:۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔ (05)

(الف)
طے کر چکا جو منزل شب، کاروانِ صبح
ہونے لگا اُفق سے ہویدا، نشانِ صبح
گردوں سے کوچ کرنے لگے اخترانِ صبح
ہر سو ہوئی بلند صدائے آذانِ صبح

(ب)
جن کے بدن کی گرمی
سانسوں میں بس گئی ہے
جن کے سخن کی نرمی
کانوں میں رس گئی ہے

سوال نمبر V:۔ بحوالہ شاعر کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ (05)

(الف)
بچھڑ گیا ہوں مگر کارواں سے دُور نہیں
یہ خاک قافلہ رفتگاں سے دور نہیں
وہ منزلیں مری جولاں گہہ محبت ہیں
جہاں زمان و مکاں لامکاں سے دور نہیں

(ب)
تیرے لیے تقدیر مری جنبشِ ابرو
اور میں ترا ایمائے نظر دیکھ رہی ہوں
صدیوں سے میرے پاؤں تلے جنتِ انساں
میں جنتِ انساں کا پتا پوچھ رہی ہوں

سوال نمبر VI:۔ دیئے گئے موضوعات میں سے ایک موضوع پر مضمون لکھیے۔ (09)

(الف) گداگری ایک لعنت (ب) اخبار بینی کے فوائد (ج) وقت کی پابندی

Result.PK